AQF / Shabbir

04-09-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج بندرسیری بیغاون میں، برونئی کے سلطان حاجی حسن اَلبُلقیہ سے بات چیت کریں گے۔

2. مرکز اور تریپورہ سرکار آج دوپہر ریاست کے دو باغی گروپوں کے ساتھ امن معاہدے پر دستخط کریں گے۔

3. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج مہاراشٹر کے لاتور ضلعے میں اُدگیر کے مقام پر وِشوشانتی بدھ وہار کا افتتاح کریں گی۔

4. عالمی بینک نے کہا ہے کہ بھارتی معیشت، کمزور عالمی شرح ترقی کے باوجود مستحکم رہے گی۔

5. مغربی بنگال کی بہت سی ممتاز شخصیتوں نے ریاستی سرکار کی طرف سے، انہیں دیئے گئے ایوارڈس، RG Kar اسپتال کے واقعے پر واپس کرنے کا اعلان کیا ہے۔

6. اور بھارت نے پیرالمپکس میں اب تک کے سب سے زیادہ تمغے حاصل کئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM BRUNEI-SINGAPORE VISIT

وزیراعظم نریندر مودی آج برونئی کے سلطان حاجی حسن اَلبُلقیہ سے بات چیت کریں گے۔ امید ہے کہ بات چیت میں دوطرفہ تعلقات کے سبھی پہلوؤں کو شامل کیا جائے گا، نیز تعاون کے نئے میدان تلاش کئے جائیں گے۔ یہ بھی امید ہے کہ بات چیت کے بعد ایک دوسرے کے ساتھ بہت سے مفاہمت ناموں پر دستخط کئے جائیں گے۔ جناب مودی، برونئی اور سنگاپور کے، دو ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں کل بندر سیری بیغاوَن پہنچے تھے۔

وزیراعظم کے وہاں پہنچنے پر ایک استقبالیے کا اہتمام کیا گیا تھا اور ولیعہد شہزادہ اور برونئی کے وزیراعظم کے دفتر میں سینئر وزیر حاجی Al-Muhtadee Billah نے اُن کا خیر مقدم کیا تھا۔ بھارت کے کسی وزیراعظم کا برونئی کا یہ پہلا دوطرفہ دورہ ہے۔ یہ دورہ ایسے وقت میں کیا جارہا ہے، جب بھارت اور برونئی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 40 سال پورے ہونے

کا جشن منایا جارہا ہے۔ کل وزیراعظم مودی نے بندر سیری بیغاون میں بھارتی ہائی کمیشن کی نئی چانسری کا افتتاح کیا تھا۔ انہوں نے برونئی میں عمر علی سیف الدین مسجد کا بھی دورہ کیا تھا۔

تفصیل ہماری نامہ نگار سے۔ **V-C Suparna Saikia**

*بھارت اور برونئی کے درمیان گرمجوشی اور دوستی پر مبنی تعلقات رہے ہیں۔ دو طرفہ سرگرمیوں میں دفاع، تجارت و سرمایہ کاری، توانائی، خلائی ٹیکنالوجی، صحت، صلاحیت سازی، ثقافت اور عوام سے عوام کے درمیان فعال تبادلے جیسے بہت سے میدان شامل ہیں۔ بھارت کو خلائی پروگرام میں، برونئی کی طرف سے قابل قدر مدد ملی ہے، جیسا کہ اس میدان میں برونئی کے ساتھ تین مفاہمت نامے کئے گئے ہیں، جو دو طرفہ تعاون میں ایک اور اہم عنصر ہے۔ دونوں ملک دفاع کے شعبے میں تعاون کیلئے ایک مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کی جانب بھی کام کررہے ہیں۔ بھارت، برونئی سے ہائیڈرو کاربن درآمد کررہا ہے۔ مستقبل میں بھارت، برونئی سے، خاص طور پر قدرتی گیس کے میدان میں طویل مدتی معاہدوں کے ساتھ مزید سپلائی حاصل کرے گا۔*

*سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

وزیراعظم مودی دو ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت آج بعد میں سنگاپور کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔ وہ اپنے ہم منصب Lawrence wong کی دعوت پر اس ملک کا دورہ کریں گے۔ دونوں رہنما بھارت-سنگاپور دفاعی شراکت داری کی پیش رفت کا جائزہ لیں گے اور باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ وہ تقریباً 6 سال بعد سنگاپور کا دورہ کر رہے ہیں۔ سنگاپور کے ساتھ بھارت کا، بڑے پیمانے پر دفاعی تعاون ہے اور تجارت وسرمایہ کاری میں بھی لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔ سنگاپور، آسیان میں بھارت کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار اور غیر ملکی راست سرمایہ کار ہے۔×

## HOME MINISTRY-TRIPURA

آج نئی دلّی میں، مرکزی اور تریپورہ کی سرکاروں، تریپورہ کے نیشنل لبریشن فرنٹ NLFT اور آل تریپورہ ٹائیگر فورس ATTF کے نمائندوں کے مابین، معاملات کو حل کرنے سے متعلق ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے جائیں گے۔ تریپورہ کے وزیراعلیٰ مانِک ساہا، وزارت داخلہ اور تریپورہ سرکار کے سینئر افسران، مفاہمت نامے پر دستخط کئے جانے کی اس تقریب میں موجود رہیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Anand**

*وزارت داخلہ ایک ایسے ترقی یافتہ شمال-مشرق کے، وزیراعظم نریندر مودی کے وژن کو پورا کرنے میں انتھک طریقے سے کام کر رہی ہے، جو انتہا پسندی، تشدد اور تنازعے سے پاک ہو۔ مرکز نے اس*

خطے میں امن وخوشحالی لانے کیلیئے، 12 اہم معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ ان میں سے تین معاہدے تریپورہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ نریندر مودی حکومت کے ذریعہ بہت سے معاہدوں پر دستخط کئے جانے سے ہزاروں لوگ ہتھیار ڈال کر اصل دھارے میں شامل ہوئے ہیں۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں ......

**PREZ MAHA VISIT**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج مہاراشٹر کے لاتور ضلعے میں **Udgir** کے مقام پر وشو شانتی بدھ وہار کا افتتاح کریں گی۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن، وزیراعلیٰ ایک ناتھ شندے، مرکزی وزیر رام داس اٹھاوَلے اور نائب وزراء اعلیٰ دیویندر فڈنویس اور اجیت پوار اس موقع پر موجود ہوں گے۔

صدر جمہوریہ **Udayagiri** کالج گراؤنڈس میں **"Shasan Aplya Dari"** اور ''مکھیہ منتری ماجھی لڑکی **Bahin** یوجنا'' کے مستفدین سے بھی ملیں گی۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو **Nanded** میں **Takht Sachkhand Sri Huzur Sahib** گردرواہ بھی جائیں گی۔ صدر جمہوریہ مہاراشٹر کے تین روزہ دورے پر ہیں، جو پیر سے شروع ہوا ہے۔x

**AWARDS RETURN-WEST BENGAL**

مغربی بنگال کی، ادب، تھیٹر اور فلم سے وابستہ بہت سی ممتاز شخصیتوں نے اپنے اعزازات واپس کرنے کا اعلان کیا ہے، جو انہیں ریاستی سرکار کی طرف سے دیئے گئے تھے۔ اِن شخصیتوں نے یہ اعلان **RG Kar** اسپتال کے معاملے پر کیا گیا ہے۔ اِن شخصیتوں میں سُدِپتا چکربورتی، تھیٹر سے وابستہ شخصیت **Biplab** بند اُپادھیائے اور چندن سین شامل ہیں۔

سُدِپتا چکربورتی نے کہا کہ وہ کولکاتہ آبرو ریزی اور قتل کی متاثرہ کیلیئے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے سڑک پر کھڑی رہیں گی۔ بنگالی تھیٹر سے وابستہ شخصیت **Biplab** بند اُپادھیائے نے کہا کہ ریاستی سرکار اور پولیس فورس، 9 اگست کو **RG Kar** اسپتال میں ایک خاتون ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور قتل سے متعلق حقائق چھپانا چاہتی ہے۔ تھیٹر اور ڈرامے سے وابستہ شخصیت چندن سین نے اعلان کیا ہے کہ وہ دین بندھو متر پُرسکار واپس کررہے ہیں۔ یہ ایوارڈ ناٹیہ اکیڈمی کی طرف سے دیا جاتا ہے۔x

**VARANASI-LAB MITRA**

وزیراعظم نریندر مودی کے پارلیمانی حلقے وارانسی میں پچھلے سال ''لیب مِتر'' کے نام سے ایک پہل کی گئی تھی، جسے ممبئی میں کل منعقدہ، نیشنل ای-گورننس کانفرنس 2024 میں گولڈ ایوارڈ دیا گیا۔ یہ ایوارڈ، ای-گورننس میں انتظامی اصلاحات اور ضلع سطح کے اقدامات کیلیئے دیا گیا ہے۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**WORLD BANK-INDIAN ECONOMY**

عالمی بینک نے کہا ہے کہ امید ہے کہ بھارت کا، وسط مدتی خاکہ، چیلنجنگ بیرونی حالات کے باوجود، مثبت رہے گا۔ عالمی بینک کی تازہ ترین رپورٹ میں پیشگوئی کی گئی ہے کہ مالی سال 2024-25 کے دوران شرح ترقی، 7 فیصد تک پہنچ جائے گی۔ یہ شرح 2025-26 اور 2026-27 میں بھی مستحکم رہے گی۔

رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ محصول کی شرح میں اضافہ ہوگا اور مزید مالی استحکام پیدا ہوگا، جس کے ساتھ ساتھ GDP اور قرض کے تناسب میں کمی آجائے گی۔ یہ تناسب مالی سال 2023-24 میں 83 اعشاریہ نو فیصد تھا، جبکہ یہ کم ہوکر 2026-27 تک 82 فیصد تک رہ جائے گا۔ امید ہے کہ کرنٹ اکاؤنٹ کا خسارہ مالی سال 2026-27 تک GDP کا تقریباً ایک فیصد سے ایک اعشاریہ چھ فیصد تک رہے گا۔×

**AP FLOOD**

آندھرا پردیش میں وجے واڑا، NTR کے مختلف حصوں اور گنٹور میں آج صبح سویرے پھر سے موسلا دھار بارش ہونے سے سیلاب سے متعلق امدادی کارروائیوں میں رخنہ پڑا ہے۔ وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو نے، جو سیلاب سے متعلق کارروائیوں کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں، سیلاب سے متاثرہ افراد کو خوراک اور طبی خدمات کی بروقت فراہمی کی یقین دہانی کرائی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V/C Sri Sai**

*سیلاب کے پانی میں کمی آنے سے وجے واڑا کے زیر آب علاقوں میں رہ رہے افراد* ***NTR*** *ضلع کے محفوظ مقامات کی طرف جا رہے ہیں۔ کرشنا دریا سے متصل نشیبی علاقوں میں معمول کی زندگی رفتہ رفتہ بحال ہو رہی ہے، کیونکہ* ***Prakasam*** *بیراج میں سیلاب کے پانی کی رفتار بتدریج کم ہو رہی ہے۔ راحت اور بازآباد کاری کے اقدامات میں مدد کرنے کے لیے وشاکھا پٹنم کے تقریبا ایک ہزار* ***400*** *صفائی کرمچاریوں کو کام پر لگایا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ این چندرا نائیڈو بابو نے، جو صورتحال پر قریبی نظر رکھ رہے ہیں، لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سیلاب سے متعلق امدادی کارروائیوں کے لیے وزیراعلیٰ کے راحتی فنڈ میں تعاون دیں۔*

*وجے واڑہ سے سری سائی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..........*

## TELANGANA RAIN

تلنگانہ کے بہت سے حصوں میں سیلاب کا پانی کم ہو رہا ہے کیونکہ بارش سے راحت ملی ہے اور امدادی کارروائیاں تیز ہوگئی ہیں۔ کھمّم، محبوب آباد، سوریہ پیٹ اضلاع کے لوگوں نے اپنے رہائشی علاقوں میں سیلاب کے پانی میں کمی آنے پر راحت کی سانس لی ہے، یہ اضلاع بارش سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ اِس دوران Siddipet اور نظام آباد میں کچھ علاقوں میں کل موسلا دھار بارش ہوئی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C Lakshmi

*تلنگانہ میں گذشتہ کچھ دن سے موسلا دھار بارش کی وجہ سے 16 افراد ہلاک ہوگئے ہیں اور ہزاروں ایکڑ کے رقبے میں فصلوں کے زیرِ آب آنے سے پانچ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا نقصان ہوا ہے۔ سینکڑوں لوگوں کو امدادی کیمپوں میں منتقل کیا گیا ہے۔ بارش سے کچھ راحت ملنے کے بعد وہ اپنے گھروں کو لوٹ گئے ہیں، اُن سڑکوں اور ریلوے پٹریوں کی مرمت کا کام تیزی کے ساتھ جاری ہے، جنہیں بارش سے نقصان پہنچا تھا۔ ریاستی حکومت نے بارش سے وابستہ واقعات ہلاک ہونے والے افراد کے قریبی ورثا کو پانچ۔پانچ لاکھ روپے کی امداد دیے جانے اور دس ہزار روپے فی ایکڑ اُن کسانوں کو فوری طور سے امداد دیے جانے کا اعلان پہلے ہی کردیا ہے، جن کی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔*

*حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......*

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے گجرات، کونکن اور گوا، مدھیہ پردیش، وِدربھ، سوراشٹر اور کچھ، اور چھتیس گڑھ میں آج شدید سے بہت شدید بارش کے تعلق سے الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے شمالی تملناڈو، کرناٹک سے متصل رایل سیما، راجستھان، تلنگانہ سے ملحق مراٹھواڑا، جنوبی ہریانہ، مغربی اور شمال مشرقی اترپردیش میں ہلکی سے اوسط بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ اتراکھنڈ، مغربی بہار، مشرقی جھارکھنڈ، گنگا کے طاس کے علاقے والے مغربی بنگال، اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں رات کے وقت شدید بارش کا امکان ہے۔x

## INDIA-UAE MoU

بھارت کے کمپٹرولر اور آڈیٹر جنرل CAG نے، متحدہ عرب امارات کی جواب دہی سے متعلق اتھارٹی کے صدر کے ساتھ، ایک دوطرفہ میٹنگ کے دوران ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ دستخط کئے جانے کی تقریب میں CAG گریش چندر مرمو نے کہا کہ یہ مفاہمت نامہ، ہمارے اداروں کی مشترکہ اقدار اور مقاصد کا ایک ثبوت ہے اور اس سے بھارت اور متحدہ عرب

امارات کے درمیان مضبوط رشتوں کا اعادہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے سے اعلیٰ آڈِٹ اداروں کے درمیان مزید اشتراک اور سیکھنے کے موقعے پیدا ہوں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Vinood Kumar**

*مفاہمت نامے کا مقصد دونوں اعلیٰ آڈِٹ اداروں کے درمیان اشتراک کو فروغ دینا، ایک دوسرے کی معلومات سے، ایک دوسرے کو واقف کرانا، صلاحیت سازی اور سرکاری شعبے کی آڈِٹنگ میں بہترین طور طریقوں جیسے میدانوں پر توجہ دینا ہے۔ دونوں ملک، مہارت اور تجربات کو ایک دوسرے سے واقف کراکے، آڈِٹ کے اپنے اپنے طریقوں کو مستحکم اور مجموعی طور پر حکمرانی کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ **UAE** کی جوابدہی اتھارٹی کے صدر **Humaid Obaid** خلیفہ عبید **Abushibs** نے، آڈٹ کے بیرونی طور طریقوں کو فروغ دینے اور دو طرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے میں مفاہمت نامے کی اہمیت پر زور دیا۔*

*دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## SL-PREZ ELECTION

سری لنکا میں آج صدارتی انتخابات میں پہلے مرحلے کی ووٹنگ ہوگی، جس میں 7 لاکھ سے زیادہ ریاستی سیکٹر کے ملازمین ڈاک کے ذریعہ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ 38 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔×

## SWISS EMBASSY-BAGHDAD

سوئٹزرلینڈ نے خلیج کی جنگ کے 33 سال بعد عراق کی راجدھانی بغداد میں اپنا سفارت خانہ دوبارہ کھول لیا ہے۔ عراق کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ سوئس سفارتخانے کو عراق اور سوئٹزرلینڈ کے درمیان دو طرفہ تعلقات کو مستحکم بنانے کے فریم ورک کے تحت دوبارہ کھولا گیا ہے، جو دونوں ملکوں کے درمیان مختلف میدانوں میں تعاون کو مستحکم بنانے کی خواہش کا عکاس ہے۔ سوئس وزارت خارجہ نے اس کی وجہ عراق میں اپنا نمائندہ دفتر کھولنے کی اپنی اصل وجہ، وہاں بہتر سکیورٹی صورت حال ہے۔ عراق کی وزارت خارجہ نے سفارتخانہ دوبارہ کھولے جانے کا خیر مقدم کیا ہے۔×

## PARALYMPICS

پیرس پیرالمپکس میں کل بھارت کو پانچ تمغے حاصل ہوئے۔**Deepthi Jeevanji** نے خواتین کی 400 میٹر **T20** ریس میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ مردوں کے ہائی جمپ **T-63** میں شرد کمار کو چاندی کا تمغہ جبکہ **Mariyappan Thangavelu** کو کانسے کا تمغہ ملا۔ مردوں کے **F-46** نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں بھارت کو دو تمغے ملے۔ اجیت سنگھ نے

چاندی کا تمغہ حاصل کیا جبکہ سندر گرجر کو کانسے کا تمغہ ملا۔ آج کھیلوں کے ساتویں دن بھارتی کھلاڑیوں کا دستہ کئی مقابلوں میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا۔x

**APARNA YADAV**

BJP لیڈر اور سماج وادی پارٹی کی قد آور شخصیت ملائم سنگھ کی بہو اپرنا یادو کو اترپردیش خواتین کمیشن کے نائب چیئرپرسن مقرر کیا گیا ہے۔ یوپی حکومت میں Babita چوہان کو کمیشن کا چیئرپرسن اور اپرنا یادو کے ساتھ ساتھ چارو چودھری کو نائب چیئرپرسن مقرر کیا گیا ہے۔ نئی مقرر کی گئی چیئرپرسن اور نائب چیئر پرسن کے عہدے کی مدت ایک سال کی ہوگی۔ اپرنا یادو پہلی جنوری 2022 کو BJP میں شامل ہوئی تھیں۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... تنویر فرید

شکریہ - اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، راشٹریہ سہارا، ملاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے برونئی اور سنگاپور کے دورے سے متعلق خبروں کو اہمیت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ وزیراعظم کا برونئی کے ولی عہد نے شاندار استقبال کیا۔ بھارت برونئی تعلقات کے 40 سال مکمل ہوئے ہیں۔ حکومت نے مسلح افواج کی صلاحیت کو بڑھانے اور جدید کاری کے لیے تقریباً ایک لاکھ 45 ہزار کروڑ روپے کے دفاعی سودوں کو منظوری دی۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ، راشٹریہ سہارا اور انقلاب سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی ایک خبر کے مطابق مزدوروں کو پردھان منتری آواس یوجنا کا فائدہ ملے گا۔ محنت اور روزگار کی وزارت سماجی انصاف کو یقینی بنانے اور زندگی کو آسان بنانے کے لیے مذکورہ یوجنا کے تحت مزدوروں کو شامل کرے گی۔ ساتھ ہی محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ کا یہ بیان بھی کئی اخباروں میں نمایاں ہے کہ حکومت روزگار کے لیے سازگار ماحول تیار کرنے کے لیے پر عزم ہے۔ روزنامہ ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے اس خبر کو بھی پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے کہ چھتیس گڑھ میں سیکیورٹی فورسیز کے ساتھ مڈبھیڑ میں 9 ماؤ نواز ہلاک ہوگئے۔

وسطی افریقی ملک کانگو میں جیل سے فرار ہونے کی کوشش میں **129** قیدیوں کے ہلاک اور **59** کے زخمی ہونے کی خبر کو بھی روزنامہ راشٹریہ سہارا نے پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔ تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں شدید بارش اور سیلاب سے **33** اموات۔ کئی ریاستوں میں الرٹ جاری کئے جانے کی خبر کو بھی کئی اخباروں نے پیش کیا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج بندرسیری بیغاون میں، برونئی کے سلطان حاجی حسن اَلبُلقیہ سے بات چیت کریں گے۔

2. مرکز اور تریپورہ سرکار آج دوپہر ریاست کے دو باغی گروپوں کے ساتھ امن معاہدے پر دستخط کریں گے۔

3. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج مہاراشٹر کے لاتور ضلعے میں اُدگیر کے مقام پر وِشوشانتی بدھ وہار کا افتتاح کریں گی۔

4. عالمی بینک نے کہا ہے کہ بھارتی معیشت، کمزور عالمی شرح ترقی کے باوجود مستحکم رہے گی۔

5. مغربی بنگال کی بہت سی ممتاز شخصیتوں نے ریاستی سرکار کی طرف سے، انہیں دیئے گئے ایوارڈس، **RG Kar** اسپتال کے واقعے پر واپس کرنے کا اعلان کیا ہے۔

6. اور بھارت نے پیرالمپکس میں اب تک کے سب سے زیادہ تمغے حاصل کئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---